نیوٹاؤن پرائیمری سکول ۔ حاضری سے متعلق معلومات

اچھی حاضری ہر بچے کی تعلیمی ترقی کے لئے بے حد اہمیت کی حامل ہے۔ نیوٹاؤن سکول میں ریڈنگ بارو کونسل کے ایجوکیشن ویلفیر ڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے بچوں کی حاضری پر گہری نظر رکھی جاتی ہے۔ **گورنمنٹ کے قانون کے مطابق اگر آپ اپنے بچے کو تعلیم حاصل کرنے لئے سکول نہ بھیجیں تو آپ پر مقدمہ چلایا جاسکتا ہے۔ عام طور پر پہلے آپ کو انتباہ کے خطوط کے ساتھ ساتھ لوکل گورنمنٹ کی طرف سے مدد کی آفر بھی کی جاتی ہے۔**

سکول کی عمر کے بچوں کا قانونی طور پر ہر روز سکول آنا ضروری ہے جب تک کہ وہ تندرست ہیں۔ اگر بیماری کی وجہ سے بچے سکول آنے کے قابل نہ ہوں تو والدین سے درخواست کی جاتی ہے کہ سکول کو بچے کے نہ آنے کی وجہ کی اطلاح کریں۔ اگر بچہ سکول سے غیر حاضر ہے اور سکول کو اُس کی غیر حاضری کی وجہ نہیں بتائی گئی تو سکول کی طرف سے والدین سے رابطہ کرنے اور غیر حاضری کی وجہ معلوم کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ ایسی غیر حاضری جس کی وجہ قابلِ قبول نہ ہو تو وہ غیر منظور شدہ غیر حاضری کہلائے گی۔

اچھی حاضری کا ریٹ 95% یا اُس سے اُوپر کا ریٹ ہے۔ ایسے بچے جن کی حاضری سال کے آخر میں 90% سے کم ہوگی اگلے سال کے دوران ریڈنگ بارو کونسل ایجوکیشن ویلفیر آفیسر اِن بچوں کی حاضری اور وقت کی پابندی پر ہر دو ہفتے کے وقفے سے گہری نظر رکھیں گے۔ ایجوکیشن ویلفیر آفیسر ہر دو ہفتے کے بعد سکول کے نمائیدے سے ملاقات کرتے ہیں جو کہ عام طور پر سکول کا ہیڈ ہوتا ہے۔

اس ملاقات میں وہ ایسے بچوں کی غیر حاضری کے بارے میں بات چیت کرتے ہیں اور غیر اطمنان بخش حاضری والے بچوں کے والدین کے لئے باہمی مشورہ سے ایک ایکشن پلان تیار کرتے ہیں۔ یہ ایکشن پلان انتباہ کے خطوط، حاضری کے پینل کی میٹنگ، فکسڈ پینلٹی نوٹس اور عدالتی کاروائی پر مشتمل ہوسکتا ہے لیکن اس کی حد یہیں تک محدود نہیں ہوتی۔

والدین کی ذمہ داریاں

☆ بچوں کو کلاس میں سکول کے دن کے آغاز پر 8.45 پر ہر صبح کو موجود ہونا چاہیئے ۔ نرسری میں 8.45/12.45 صبح یا سہ پہر کے سیشن کے لحاظ سے بچوں کا وقت پر کلاس میں ہونا انتہائی ضروری ہے۔

☆ اُن کی غیر حاضری کے پہلے دن ہی ٹیلیفون کر کے سکول کو اطلاع کرنا۔

☆ چھٹیوں کے بارے میں حاضری کی مہیا کردہ معلومات پر عمل کرنا اور اُس کے مطابق ایکشن لینا۔

☆ سکول اور ایجوکیشن ویلفیر آفیسر کے ساتھ تعاون کرنا مناسب وقت پر۔

☆ اِس بات کو یقینی بنانا کہ بچوں کے پاس وہ تمام ساز وسامان ہو جن کی سکول کے دن کے دوران اُن کو ضرورت پڑ سکتی ہے مثال کے طور پر پی ای کٹ، پانی کی بوتل، پیکڈ لنچ، بک بیگ، موسم کی مناسبت سے کوٹ ، کپڑے اور ہیٹ وغیرہ ۔

مہربانی فرما کر درجِ ذیل نوٹ کریں:

☆ ٹرم ٹائم کے دوران چھٹی صرف غیر معمولی حالات کے تحت منظور ہوسکتی ہے۔ درخواست ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہے۔

☆ اگر بچہ سال میں صرف دس دن سکول مس کرتا تو اس کی حاضری کی تعداد 94.7% ہوگی اور اس سے زیادہ غیر حاضری ہونے کی صورت میں اُن کو اور نقصان ہوگا اور یہ اوسط مزید کم پڑ جائے گی۔

یہ تمام اِقدام اس لئے اُٹھائے گئے ہیں تاکہ بچے کم سے کم سکول سے غیر حاضری کریں۔ ہر بچہ اہم ہے اور انکی زندگی بھر کے سیکھنے کے عمل کے لئے انکی تعلیم میں اچھی حاضری انکی کامیابی اور اُنکی مکمل صلاحیتوں کے بھرپور حصول میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

سکول کی حاضری کے بارے میں مزید معلومات جاننے کے لئے سکول کی ویب سائیٹ سے بھی آپ معلومات معلوم کر سکتے ہیں۔